# کتاب نما

**سراپا رحمت** (رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور رفاہی کام)، مؤلف: پروفیسر امیرالدین مہر۔ ناشر: غزالی اکیڈمی، میر پور خاص۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔

سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ سدابہار پاکیزہ اور محبوب موضوع ہے جس پر حضرت حسانؓ بن ثابت سے لے کر پوری اسلامی تاریخ میں آپؐ کی سیرتِ طیبہ، صورتِ مبارکہ، آپؐ کے پاکیزہ و تاباں اخلاق، اعمال وافعال اور زندگی کے تمام گوشوں پر مسلسل کہا، لکھا اور نشر کیا جارہا ہے۔ لیکن یہ ذخیرہ اتنا وسیع، عمیق اور زیادہ ہے کہ مزید اس پر لکھنے اور پڑھنے کا تقاضا موجود ہے۔

سیرتِ طیبہؐ کو حیطۂ تحریر میں لانے کی ایک کوشش مولانا امیرالدین مہر نے بھی کی ہے۔ انھوں نے آپؐ کی سیرت کا رفاہی، اصلاحی، فلاحی اور خدمتِ خلق کا پہلو بیان کیا ہے۔ اس کتاب کے دو بڑے حصے ہیں۔ ایک حصے میں آپؐ کے وہ کارنامے، اعمال واقدام بیان کیے گئے ہیں جو آپؐ نے بنفسِ نفیس سرانجام دیے، اور دوسرے حصے میں آپؐ کی وہ احادیث، ارشادات و فرمودات ہیں جن سے خدمتِ خلق اور رفاہی کاموں کی ضرورت، اہمیّت اور اس کے دنیوی و اخروی اثرات وثمرات اور اجروثواب کا تذکرہ ہے، جیسے آپؐ کا حلف الفضول میں شرکت، حجرِاسود کا نصب کرنا، مظلوم ویتیم کا حق دلانا اور میثاقِ مدینہ کا معاہدہ۔ اس طرح آپؐ نے مدینہ منورہ اور گردونواح کے باشندوں میں امن قائم کردیا۔ اسی طرح مواخات، اصحابِ صفہ کی خدمت، مسجد قبا اور مسجد نبویؐ کی تعمیر وغیرہ ہے۔ اس سے ایک طرف سیکڑوں مہاجرین کی آمد کا مسئلہ حل ہوا تو دوسری طرف تعلیم وتربیت کا بندوبست بھی ہوگیا ہو اور اسلامی ریاست مستحکم ہوئی۔

اپنے موضوع پر یہ منفرد کتاب ہے اس لیے کہ اُردو زبان میں پہلی مرتبہ سیرت کے اس پہلو کو موضوع بنایا گیا ہے۔ یوں اہل علم وفضل کی توجہ اس طرف منعطف کرانے کی کوشش کی گئی ہے کہ وہ سیرت کے اس پہلو کو نمایاں کر کے پیش کریں، اور اسلام اور حاملینِ اسلام کے بارے میں